صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 27۔اکتوبر 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 27۔اکتوبر 2016ء 25 محرم 1438 ہجری 27۔اخاء 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 243

اللہ کافی ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وہ جن سے لوگوں نے کہا کہ تمہارے خلاف لوگ اکٹھے ہوگئے ہیں پس ان سے ڈرو تو اس بات نے ان کو ایمان میں بڑھا دیا اور انہوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے اور کیا ہی اچھا کارساز ہے۔

پس وہ اللہ کی نعمت اور فضل لے کر لوٹے، انہیں تکلیف نے چھوا تک نہیں اور انہوں نے اللہ کی رضا کی پیروی کی اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

(آل عمران:175,174)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مقربان الٰہی خلق اللہ سے ہمدردی کرتے ہیں اور مصائب کے وقت میں ان کا خیال رکھتے ہیں اور ایسا کام کرتے ہیں جو آسمانوں میں فرشتوں کو بھی حیران کر دیتا ہے اور نیکیوں میں سبقت لے جاتے ہیں۔ ان کے دلوں میں شجاعت رکھی جاتی ہے۔ پس وہ ان شدائد میں بھی جن کا سلسلہ روز مکافات (قیامت) تک طویل ہو ہمیشہ رواں دواں رہتے ہیں اور وہ خوفزدہ نہیں ہوتے اور نہ ہی منہ پھٹ ہو کر کسی سے بدکلامی کرتے ہیں بلکہ لوگوں کی بدگوئی پر سکوت اختیار کرتے اور اپنا غصہ پی جاتے ہیں۔ وہ دنیا کے مُردار کی طرف مائل نہیں ہوتے اور اسے کتوں کے لئے چھوڑ دیتے ہیں اور اسے محض ہڈیوں کی ایک مٹھی بلکہ مکھیوں کا فضلہ تصور کرتے ہیں۔ ان کی نگاہ اس طرف نہیں اٹھتی اور نہ ہی وہ اس کی جانب کوئی توجہ کرتے ہیں۔

وہ اپنے تئیں ایسا بنا لیتے ہیں جیسے ثمر دار درخت ہو کہ ہر طرف سے آنے والا بھوکا شخص ان کے پھل کھاتا ہے۔ کیا ہی اچھے مہمان اور کیا ہی اچھے میزبان ہیں۔ یہ لوگ حسن تام کے مالک ہیں اور بدی کو نیکی سے دُور کرتے ہیں اور مخلوق کی خدمت کرتے ہیں اور جو انہیں ایذاء پہنچائے وہ اسے ایذاء نہیں پہنچاتے اور معذرت خواہ کی معذرت قبول کرتے ہیں اور جب کمینہ دشمنوں کی طرف سے ان پر سختیاں کی جائیں تو اس کے جواب میں وہ ان پر احسان کرتے ہیں اور وہ گالی کے جواب میں گالی دینے سے اجتناب کرتے ہیں اور اس کی کوشش بھی نہیں کرتے۔ اور وہ اپنے دشمنوں کے لئے اللہ کی طرف سے خیر، سلامتی، صحت وعافیت اور ہدایت کی دعا کرتے ہیں اور وہ اپنے سینوں میں کسی کے لئے بھی ذرّہ برابر کینہ نہیں رکھتے اور وہ ان کے لئے بھی دعا کرتے ہیں جو ان پر گندے الزام لگاتے اور حقیر جانتے ہیں۔ اور عاصی تک کو اپنی جماعت میں پناہ دیتے ہیں۔ پس اللہ ان پر ظاہر ہو جاتا ہے کیونکہ وہ اسے مقدم کرتے ہیں اور اس کے بندوں پر رحم کرتے ہیں اور اس وجہ سے کہ وہ اخلاص رکھتے ہیں حقیقتاً یہی لوگ ابدال اور اولیاء اللہ ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ ان کی تشریف آوری سے زمین کو برکت دی جاتی ہے۔ اور لوگوں کو ان کے غموں سے نجات دی جاتی ہے۔ پس مبارک ہوان لوگوں کو جو اُن سے تعلق رکھتے ہیں۔ اے میرے ربّ! تو مجھے ان میں شامل فرما اور میرا ہو اور میرے ساتھ ہو جا اس دن تک کہ جب لوگ اٹھائے جائیں اور پیش کئے جائیں۔ اے میرے ربّ! ان لوگوں پر جو میری دشمنی کر رہے ہیں گرفت نہ فرما کیونکہ وہ مجھے نہیں پہچانتے اور نہ انہیں بصیرت حاصل ہے۔ پس اے میرے ربّ! اپنی جناب سے ان پر رحم کر اور انہیں ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما۔

امن کانفرنس کینیڈا سے حضور انور کا خطاب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امن کانفرنس کینیڈا سے خطاب فرمایا۔ اس کانفرنس کی ریکارڈنگ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل شیڈیول میں نشر کی جائے گی۔

احباب اس سے استفادہ فرمائیں۔

29/اکتوبر 11:25pm,12:00pm

30/اکتوبر 6:55am

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب
آرتھوپیڈک سرجن

مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ
گائناکالوجسٹ

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب
ماہر امراض جلد

تینوں ڈاکٹرز مورخہ 30/اکتوبر 2016ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ تینوں ڈاکٹرز سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

معلوماتی سیمینار

مورخہ 6 نومبر 2016ء کو نظارت تعلیم کے زیر اہتمام سیمینار بعنوان Science of Weather Forecast منعقد ہو رہا ہے۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے احباب وخواتین مندرجہ ذیل ای میل یا فون نمبرز پر رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ registration@njc.edu.pk

فون:0476212473 موبائل:03339791321

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ

حضور انور ایدہ اللہ کا خطبہ عید الاضحی

مورخہ 13 ستمبر 2016ء سوال و جواب کی شکل میں

س: جن وانس کی پیدائش کا کیا مقصد بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ نے انسان کی پیدائش کی غرض بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اور نہیں پیدا کیا جن و انس کو مگر اس لئے کہ وہ میری عبودیت اختیار کریں یعنی انسان کی پیدائش کا اگر کوئی مقصد ہے تو یہی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی کامل بندگی اختیار کرے۔

س: عبودیت کی وضاحت کس رنگ میں بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے صرف انسان کو ہی حق دیا کہ وہ اپنی مرضی کر سکتا ہے اور اگر وہ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر عمل کرتے ہوئے اپنے مقصد پیدائش کو سمجھے جو کامل تذلل اختیار کرنا اور مکمل طور پر خشوع اور عاجزی دکھانا اور اپنی تمام محبت اپنا تمام پیار اور اپنے تمام تعلقات خدا کیلئے ہی کر دینا ہے۔ برائیوں اور تکبر کو مکمل طور پر چھوڑ کر خدا تعالیٰ کے آگے جھکنا ہے اس کے نتیجہ پھر خدا تعالیٰ بھی انسان پر جھکتا ہے اور اس کی طرف آتا ہے اور اسے اپنی محبت اور پیار سے نوازتا ہے۔ گویا انسان کو پیدا کر کے اللہ تعالیٰ نے نافرمانی اور فرمانبرداری کے دو دائرے دے دیئے اور انسان کا مقصد پیدائش بتا کر یہ کہا کہ میری اطاعت اور فرمانبرداری کے دائرے میں رہو گے تو میرے کامل عبد بنتے ہوئے میرے انعامات کے بھی وارث بنو گے جن کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس میں بڑھتے چلے جاؤ گے جبکہ دوسری مخلوق کا صرف ایک دائرہ ہے جس کے اندر رہ کر اس نے وہ کام کرنا ہے اس لئے اس کے پاس سوائے فرمانبرداری کے اور کوئی دوسرا راستہ ہے ہی نہیں۔ جب کوئی دوسرا راستہ نہیں تو پھر ان کے لئے ثواب اور انعام بھی نہیں ہے۔ ان میں یہ طاقت اور مادہ ہی نہیں کہ دو چیزوں میں سے ایک کو اختیار کریں۔

س: حضور انور نے دوسری مخلوق سے انسان کے کس خاص امتیاز کا ذکر فرمایا؟

ج: فرمایا! پس اللہ تعالیٰ نے یہ خصوصیت صرف انسان میں رکھی ہے کہ اس کے پاس دو راستے ہیں جنہیں وہ اختیار کر سکتا ہے ایک اپنے مقصد پیدائش کو پورا کرنے کا، خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے کا، اس کے لئے تذلل اختیار کرنے کا۔ اور دوسرا اس مقصد کو پورا نہ کر کے اور اللہ تعالیٰ کے نافرمانوں میں شامل ہو کر اس کی عبودیت سے باہر نکل کر عبد شیطان بننے کا اور اس کے نتیجے میں پھر انسان اللہ تعالیٰ کی سزا کا بھی مستحق بنتا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے کے لئے کس امر کی طرف خاص توجہ دلائی گئی؟

ج: فرمایا! یہ اللہ تعالیٰ کا انسان پر احسان ہے کہ اس نے اسے ایک ایسا مقصد پیدائش دیا ہے جس کو حاصل کر کے وہ خدا تعالیٰ کے بہت ہی پیاروں میں شامل ہو سکتا ہے لیکن اس شرط کے ساتھ کہ میں نے جو تمہیں طاقتیں، صلاحیتیں، استعدادیں اور جو دماغ اور سوچ عطا کی ہے اسے میرے پیار میری فرمانبرداری میرے لئے کامل اطاعت میری عبادت میں خرچ کرو گے۔

س: برائیاں اور دنیاوی کششیں کس طرح انسان کے لئے ابتلا کا موجب بنتی ہے؟

ج: فرمایا! انسان کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہوا ہے کہ اچھائی اور برائی کے کس راستے کو اس نے چننا ہے برائیاں یا دنیاوی کششیں انسان کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ بعض دفعہ آزمائش کے طور پر یہ سامنے آجاتی ہیں۔ آجکل کی دنیا میں تو قدم قدم پر ایسی چیزیں ہیں جو ایک نیکیوں پر چلنے والے کو بھی اپنی طرف کھینچ لیتی ہیں یا کھینچنے کی کوشش کرتی ہیں اگر انسان ان سے بچ جائے اور اسے اپنا مقصد پیدائش یاد آجائے تو اللہ تعالیٰ اس کے درجات بڑھا دیتا ہے۔

س: حضور انور نے خدا تعالیٰ کے فرستادوں کی بعثت کی غرض کیا بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! انسان کو مقصد پیدائش بتا کر سب سے بڑا احسان جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کیا ہے وہ یہ ہے کہ اپنے فرستادے بھیجتا ہے اپنے پکارنے والے بھیجتا ہے جو بندوں کو ان کے مقصد پیدائش کی طرف رہنمائی کرتے ہیں اور نیکی اور بدی کی تمیز سے انسان کو آگاہ کرتے ہیں۔

س: حضور انور نے کن کو خوش قسمت قرار دیا؟

ج: فرمایا! وہ لوگ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتے ہیں اور انسان کو اس کا مقصد پیدائش بتانے کے لئے آتے ہیں انسان کو اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کے راستے دکھانے کے لئے آتے ہیں۔ پس خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جو پکارنے والے کی آواز کو سنتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے ایک پکارنے والے کی آواز کو سنا وہ پکارنے والا جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کی مغفرت کو طلب کرنے کے طریق کی حضور انور نے کیا وضاحت فرمائی؟

ج: فرمایا! کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دے۔ ہمارا ماننا اور اس پر قائم رہنا تیرے خاص فضل کے بغیر ممکن نہیں۔ تیرے احکامات پر چلنا ان پر عمل کرنا تیرے فضل اور تائید کے بغیر بہت بھاری ہے بہت مشکل ہے۔ تیری مدد نہ ہو تو ہم اس بھاری بوجھ کو اٹھا نہیں سکتے۔ ہم تو ہمیشہ سے غلطیاں کرتے آئے ہیں بیشمار غلطیاں کر چکے ہیں تیری ستاری اور تیرا غفار ہونا ہی ہمیں بد انجام سے بچا سکتا ہے اور بچاتا رہا ہے۔ تیری رحمت جو ہر چیز پر حاوی ہے وہ ہمیشہ ہم پر بھی سایہ فگن رہی ہے۔ ہم میں اتنی طاقت نہیں کہ غلطیوں اور لغزشوں سے از خود محفوظ رہ سکیں۔ اے اللہ تو ہمارا رب ہے نیکیوں کی توفیق دینا اور ان میں ترقی کرنا ایمان پر قائم رہنا اور اس میں بڑھنا تیرے فضل کے بغیر ممکن نہیں ہم از خود یہ کام نہیں کر سکتے اپنے آپ کو شیطان کے کسی حملے سے محفوظ نہیں رکھ سکتے۔

س: ''ہمیں نیکوں میں شامل کر کے وفات دے'' کی حضور انور نے کیا تشریح فرمائی؟

ج: فرمایا! جب ہم تیرے حضور حاضر ہوں تو ان لوگوں میں شامل ہوں جو نیکیوں میں بڑھے ہوئے ہیں جن کو تو نے یہ مقام حاصل کرنے کیلئے یہ دعا سکھائی ہے کہ ہمیں نیکوں میں شامل کر کے وفات دے یہ نہ ہو کہ ہم ایمان تو لے آئیں لیکن پھر ہم ایمان سے دور ہٹ جائیں۔ زمانے کی اصلاح کیلئے ہر زمانے میں تو منادی بھیجتا ہے۔ ایک دفعہ اس کو قبول کرنے کے بعد پھر اپنی انا میں گرفتار ہو کر خود ساختہ شکوک وشبہات میں مبتلا ہو کر اپنے ایمان کو ضائع کرنے والے نہ ہو جائیں اور ہمارا انجام بد نہ ہو جائے۔ اس لئے اے ہمارے خدا ہم دعا کرتے ہیں کہ ہمارا انجام کبھی بد نہ ہو اور جب ہماری وفات کا وقت آئے تو ہم ایمان پر قائم ہوں اور ان لوگوں میں شامل ہوں جو ابرار ہیں جو نیکیوں میں بڑھنے والے ہیں۔ ہماری حرکتیں ہماری عقلیں ہمارے علم ہمیں صراط مستقیم سے ہٹانے والے نہ بن جائیں۔

س: ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا کی وضاحت حضور انور نے کن الفاظ میں بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! کہ ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا بلکہ ہمارے اعمال ایسے ہوں جو تیرے احکامات کے تابع ہوں صرف اعتقادی باتیں ہی نہ ہوں بلکہ ہمارے اعمال تیری رضا کو حاصل کرنے والے ہوں۔ ہمیں ایسا اپنے احکامات کا پابند کر دے کہ قیامت تک ہم صحیح راستے سے ہٹنے والے نہ ہوں ہم کسی سزا کا مورد نہ بنیں۔ تیرے حضور ہم شرمندہ ہو کر حاضر نہ ہوں ہماری زندگی کا ہر لمحہ اپنے مقصد پیدائش کو سامنے رکھتے ہوئے گزرنے والا ہو۔ حقیقی عبادت کے بھی ہم نمونے قائم کرنے والے ہوں اور حقیقی بندگی کو بھی ہم پانے والے ہوں۔ اطاعت اور فرمانبرداری سے بھی ہم کبھی پیچھے ہٹنے والے نہ ہوں۔

س: حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی کن نصائح کا ذکر فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود نے جماعت کو جو نصائح فرمائی ہیں ان میں سے چند ایک میں بیان کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا

ہماری جماعت کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ان کا ایمان بڑھے خدا تعالیٰ پر سچا یقین اور معرفت پیدا ہو نیک اعمال میں سستی اور کسل نہ ہو کیونکہ اگر سستی ہو تو پھر وضو کرنا بھی ایک مصیبت معلوم ہوتا ہے چہ جائیکہ وہ تہجد پڑھے۔ اگر اعمال صالحہ کی قوت پیدا نہ ہو اور مسابقت علی الخیرات کے لئے جوش نہ ہو نیکیوں میں آگے بڑھنے کیلئے جوش پیدا نہ ہو تو پھر ہمارے ساتھ تعلق پیدا کرنا بے فائدہ ہے۔ آپ نے فرمایا اطاعت کوئی چھوٹی سی بات نہیں ہے اور سہل امر نہیں ہے کوئی آسان کام نہیں ہے یہ بھی ایک موت ہوتی ہے جیسے ایک زندہ آدمی کی کھال اتاری جاوے ویسی ہی اطاعت ہے۔

س: بیعت کی حقیقت کو حضور انور نے کن الفاظ میں بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! صرف ماننے سے اللہ تعالیٰ خوش نہیں ہوتا جب تک اچھے عمل نہ ہوں کوشش کرو کہ جب اس سلسلہ میں داخل ہوئے ہو تو نیک بنو متقی بنو ہر ایک بدی سے بچو۔ دعا تضرع صدقہ وخیرات کرو زبانوں کو نرم رکھو استغفار کو اپنا معمول بناؤ نمازوں میں دعائیں کرو۔ نماز اور استغفار دل کی غفلت کے لئے عمدہ علاج ہیں۔ آپ نے فرمایا نماز ہی ایک ایسی نیکی ہے جس کے بجا لانے سے شیطانی کمزوری دور ہوتی ہے اور اسی کا نام دعا ہے۔

س: حقیقی عید تو دل کا چین اور سکون ہی ہے کو حضرت مصلح موعود نے کس طرح بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود نے ایک دفعہ یہ مثال دی تھی کہ دیکھو مجمع میں بہت سارے لوگ ہوں اگر کسی کا بچہ گم ہو جائے اور جب ایک دو گھنٹے کے بعد جب وہ بچہ باپ سے ملتا ہے تو بچے کو اور باپ کو کس قدر خوشی ہوتی ہے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ سے بھٹکا ہوا بندہ جب خدا تعالیٰ سے ملتا ہے اور خدا تعالیٰ کے حضور پہنچتا ہے تو بندے کو بھی خوشی پہنچتی ہے اور خدا تعالیٰ بھی راضی ہوتا ہے۔ پس حقیقی عید اگر ہے تو یہی عید ہے۔

س: حقیقی عید منانے کا حضور انور نے کیا طریق بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! تمام محبتوں کا مرکز تو اللہ تعالیٰ ہے اور ہونا چاہئے ایک مؤمن کے لئے اس سے کامل محبت چاہئے۔ پس خوشی بھی اسی کو حاصل ہو گی اور حقیقی عید بھی اسی کی ہو گی جو اپنے مولیٰ کے حضور پہنچا ہو گا کیونکہ تمام قسم کی راحتوں، خوشیوں، عیدوں کا سرچشمہ تو وہی پاک ذات ہے۔ پس یہی سچائی ہے جس کو ہمیں اپنانے کی کوشش کرنی چاہئے حقیقی عید اگر ہم نے منانی ہے تو اپنی روحانی صحت کا علاج کرتے ہوئے اپنے آپ کو راستے سے بھٹکنے سے بچاتے ہوئے جس کیلئے ہم سب کو کوشش کرنی چاہئے جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو شیطان سے بچانے والا اور صحیح راستے پر چلانے والا ہے اس لئے دعا کرتے رہنا چاہئے اس سے۔ زمانے کے امام کو مانا ہے پھر اس کی باتوں پر عمل کرنے کی بھی ضرورت ہے تا کہ ہم اپنے آپ کو خدا تعالیٰ سے بھی جوڑ سکیں۔

س: آخر میں حضور انور نے کن کے لئے دعا کی تحریک فرمائی؟

ج: فرمایا! اسیران راہ مولیٰ، سختیاں سہنے والے، مریض، انسانیت کی خدمت کرنے والے، واقفین زندگی اور دنیا کی عمومی بے چینیاں دور ہونے کیلئے دعا کریں۔

☆☆☆☆☆

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا (4)

لجنہ جلسہ گاہ میں تشریف آوری۔ تقسیم انعامات اور خطاب۔ بنگلہ دیشی احباب سے ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

8/اکتوبر2016ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صبح سوا چھ بجے بیت الذکر میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

لجنہ جلسہ گاہ میں تشریف آوری

آج جلسہ سالانہ کینیڈا کا دوسرا دن تھا اور پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین کے جلسہ میں خطاب تھا۔ گیارہ بجکر پندرہ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ (Peace Village) سے جلسہ گاہ کے لئے روانہ ہوئے اور گیارہ بجکر چالیس منٹ پر لجنہ جلسہ گاہ میں تشریف آوری ہوئی۔ جہاں خواتین نے بھرپور نعروں کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا۔

اس اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرمہ طلعت صادق صاحبہ نے کی اور اس کا اردو ترجمہ منصورہ رؤف صاحبہ نے پیش کیا۔

اس کے بعد حضرت مصلح موعودؓ کا منظوم کلام ع

باب رحمت خود بخود پھر تم پہ وا ہو جائے گا

عزیزہ صبیحہ ہاشمی نے خوش الحانی سے پڑھا۔

تقریب تقسیم اسناد و میڈلز

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات کو اسناد عطا فرمائیں اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا تعالیٰ نے ان طالبات کو میڈلز پہنائے۔

درج ذیل خوش نصیب طالبات نے یہ اسناد میڈلز حاصل کئے۔

ہائی سکول کی طالبات

1۔فکیجہ جمیل گریڈ12۔98فیصد نمبرز
2۔سیدہ صوفیہ جنود گریڈ12۔96فیصد نمبرز
3۔اعشنہ احمد گریڈ12۔95فیصد نمبرز
4۔شاکرہ خواجہ گریڈ12۔95فیصد نمبرز
5۔عائشہ ریان گریڈ12۔94فیصد نمبرز
6۔مریم خلیل گریڈ12۔93فیصد نمبرز
7۔نعمان محمود گریڈ12۔92فیصد نمبرز
8۔نحال مبارک گریڈ12۔92فیصد نمبرز
9۔ثمر محمود گریڈ12۔92فیصد نمبرز
10۔نبیلہ کومل گریڈ12۔92فیصد نمبرز
11۔نیاب ملک گریڈ12۔92فیصد نمبرز
12۔رملہ محمود گریڈ12۔91فیصد نمبرز
13۔ثمرہ منگلہ گریڈ12۔91فیصد نمبرز
14۔نبیلہ چوہدری گریڈ12۔91فیصد نمبرز
15۔مہوش بٹ گریڈ12۔91فیصد نمبرز
16۔ناول ملک گریڈ12۔90فیصد نمبرز
17۔ضحیٰ احمد گریڈ12۔90فیصد نمبرز
18۔سارہ وقار گریڈ12۔90فیصد نمبرز
19۔کنزہ ملک گریڈ12۔90فیصد نمبرز
20۔تہمینہ صدف گریڈ12۔90فیصد نمبرز

کالج

1۔حبہ نور ایڈوانس ڈپلومہ ڈینٹل ہائجین 93 فیصد نمبرز

یونیورسٹی انڈر گریجوایٹ

1۔وجیہہ سعید بیچلر آف ایجوکیشن 92فیصد نمبرز
2۔ماریہ احمد مرزا بیچلر آف ایجوکیشن 89فیصد نمبرز
3۔تسمیہ منظور بیچلر آف ایجوکیشن 89فیصد نمبرز
4۔حارثہ محمود بی ایس سی آسٹروفزکس 85 فیصد نمبرز
5۔حفصہ ماجد ڈاکٹر آف میڈیسن 85فیصد نمبرز
6۔ماریہ وقار بی اے کاگنیٹو سائنس اینڈ سائیکالوجی 85فیصد نمبرز
7۔روبینہ شاہ بیچلر آف ایجوکیشن 84فیصد نمبرز
8۔ماریہ چیمہ بیچلر آف ایجوکیشن 84فیصد نمبرز
9۔ماریہ اقبال بیچلر آف آرٹ 84نمبرز
10۔عطیۃ الکریم پراچہ بیچلر آف اپلائیڈ سائنس سائیکالوجی 84فیصد نمبرز
11۔حنا ڈار بی اے کریمینالوجی اینڈ لاسٹڈیز 84نمبرز
12۔نائلہ محمود بی اے پولیٹکل سائنس 82فیصد نمبرز
13۔مریم وسیم بی ایس سی فارمیسی 81فیصد نمبرز
14۔سحرش حنا بیچلر آف ایجوکیشن 80فیصد نمبرز
15۔فریال جنود بیچلر آف کامرس 80فیصد نمبرز

یونیورسٹی پوسٹ گریجوایٹ

1۔فائضہ بھٹی ماسٹر آف کونسلنگ سائیکالوجی 95فیصد نمبرز
2۔عافیہ نصرت ماسٹر آف میتھ میٹکس
4۔خولہ منگلا ماسٹر آف ہیومن ریسورس مینجمنٹ 86فیصد نمبرز
5۔صدف سید ماسٹر آف پبلک پالیسی ایڈمنسٹریشن اینڈ لا 85فیصد نمبرز
6۔رابیہ اسلم ماسٹر آف کمپیوٹر سائنس 85 فیصد نمبرز
7۔امیرہ ہاشمی ماسٹر آف ایجوکیشن 85 فیصد نمبرز
8۔آنسہ نرگس ماسٹر آف آرٹس ہیلتھ اینڈ ایجنگ 85فیصد نمبرز
9۔وردہ قاضی ماسٹر آف ایجوکیشن ڈیویلپمنٹل سائیکالوجی 84فیصد نمبرز
10۔سارہ سعید ماسٹر آف سائنس ایپڈیمیولوجی 84 نمبرز
11۔نورین سہیل ماسٹر آف ایجوکیشن 83فیصد نمبرز
12۔رابیہ شہاب ماسٹر آف پبلک ہیلتھ 80فیصد نمبرز
13۔نایاب عابد ماسٹر آف ایجوکیشن پالیسی اینڈ لیڈرشپ 80فیصد نمبرز

پاکستانی طالبات

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان کے تحت، پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں اور کالجوں سے پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی درج ذیل طالبات نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دست مبارک سے اسناد حاصل کیں اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے انہیں گولڈ میڈل پہنائے۔

1۔وجیہہ احمد او لیول۔کیمبرج یونیورسٹی 9اے
2۔وجیہہ احمد اے لیول۔کیمبرج یونیورسٹی 6اے
3۔امۃ المصور او لیول۔کیمبرج یونیورسٹی 8اے
4۔درعدن باسط او لیول۔کیمبرج یونیورسٹی 5 اے اور 3اے
5۔وسیمہ رحمان ایف ایس سی۔پری میڈیکل بلوچستان بورڈ سیکنڈ پوزیشن
6۔وسیمہ رحمان ایم بی بی ایس۔بولان میڈیکل کالج تھرڈ پوزیشن
7۔مریم مبارک اے لیول۔کیمبرج یونیورسٹی 14اے
8۔نائلہ عظمت بی بی اے۔جی سی یونیورسٹی فیصل آباد
9۔امۃ الشافی ایم بی بی ایس۔یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز انڈیا
10۔امۃ المعیز ایم ایس سی، مائیکرو بیالوجی۔پنجاب یونیورسٹی
11۔قانتہ فردوس ایم ایس زوآلوجی۔لاہور کالج ویمن یونیورسٹی فرسٹ پوزیشن
12۔خلود مناعودہ بیچلر۔آرکیٹیکٹ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی 86.7فیصد
13۔صائمہ عرفان ایف ایس سی فرسٹ پوزیشن

حفظ القرآن

جماعت احمدیہ کینیڈا کے تحت یہاں حفظ القرآن سکول بھی جاری ہے۔ اس سکول سے سال 2012ء اور سال 2013ء میں جن بچیوں نے قرآن کریم کا حفظ مکمل کیا ہے۔ ان کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت سرٹیفکیٹ عطا فرمائے۔

ان خوش نصیب بچیوں کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔عزیزہ مہک شہزادی دورانیہ دو سال تین ماہ
2۔شافیہ کاہلوں دو سال دو ماہ
3۔آصفہ کاہلوں دورانیہ تین سال
4۔مریم بھٹی دورانیہ دو سال
5۔عصمہ صباحت دورانیہ دو سال تین ماہ
6۔دانیہ چوہدری دورانیہ دو سال چھ ماہ
7۔شفاء اشفاق دورانیہ دو سال دس ماہ
8۔باسمہ گھمن دورانیہ دو سال دس ماہ
9۔باسمہ ساجد دورانیہ دو سال
10۔آنوش ساجد دورانیہ دو سال چار ماہ
11۔رامین طاہر دورانیہ دو سال
12۔ضحیٰ باجوہ دورانیہ دو سال دس ماہ
13۔دانیہ ناصر دو سال آٹھ ماہ

جماعتی انتظامات کے تحت عائشہ اکیڈمی کینیڈا سے عزیزہ یاسلہ احمد نور مبشرہ نے ڈپلومہ حاصل کیا۔ دورانیہ 3 سال۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بارہ بجکر بیس منٹ پر لجنہ سے خطاب فرمایا۔

(اس خطاب کا خلاصہ روزنامہ الفضل مورخہ 14/اکتوبر2016ء میں شائع ہو چکا ہے)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب ایک بجکر دس منٹ تک جاری رہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب MTA انٹرنیشنل پر Live نشر ہوا اور یہاں جلسہ گاہ میں مقامی طور پر اس خطاب کے انگریزی، عربی اور فرنچ زبانوں میں رواں تراجم بھی ہوئے۔

حضور انور کے خطاب کے بعد لجنہ جلسہ گاہ پُر جوش اور ولولہ انگیز نعروں سے گونج اٹھی۔

بعد ازاں لجنہ اور بچیوں نے گروپس کی صورت

میں دعائیہ نظمیں اور ترانے پیش کئے۔ افریقن امریکن خواتین اور بچیوں نے اپنے لوکل انداز میں نظمیں پیش کیں۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ وقت کے لئے بچوں والے ہال میں تشریف لے گئے۔ جہاں مائیں اپنے چھوٹی عمر کے بچوں کے ساتھ جلسہ کی کارروائی سن رہی تھیں۔

جلسہ کے دفاتر اور نمائش کا معائنہ

بعدازاں ایک بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مردانہ جلسہ گاہ تشریف لا کر نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس ہال کے معائنہ کے لئے تشریف لے آئے جہاں جلسہ سالانہ کے بعض دفاتر اور نمائش وغیرہ لگائی گئی تھی۔

حضور انور نے دفتر رسالہ ریویو آف ریلجنز، سلطان القلم، ہیومینیٹی فرسٹ، پریس اینڈ میڈیا اور انٹرنیشنل ہیومن رائٹس کمیٹی کا معائنہ فرمایا اور ان کے انچارج صاحبان سے گفتگو فرمائی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پیس ولیج بیت الذکر جانے کے لئے روانہ ہوئے اور پولیس کے بارہ موٹر سائیکلز نے قافلہ کو Escort کیا اور دوران سفر ساتھ ساتھ تمام راستے کلیئر کرتے رہے۔ دو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پیس ولیج تشریف آوری ہوئی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سرائے محبت تشریف لے گئے۔

پچھلے پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور دفتری امور سرانجام دیئے۔

بنگلہ دیشی احباب کی ملاقات

پروگرام کے مطابق ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایوان طاہر میں تشریف لائے جہاں امریکہ سے آنے والے بنگلہ دیشی احباب کا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اجتماعی ملاقات کا پروگرام تھا۔

امریکہ سے 91 کی تعداد میں بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والے احباب مرد وخواتین آئے تھے اور یہ سبھی امریکہ کے مختلف علاقوں سے آئے تھے اور بعض بڑے لمبے سفر طے کر کے آئے تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منتظمین سے دریافت فرمایا کہ یہ سب پرانے احمدی ہیں یا ان میں سے نئے بھی ہیں۔ اس پر انچارج صاحب بنگلہ ڈیسک یو ایس اے نے بتایا کہ پرانے احمدی ہیں۔ چند نئے بھی ہیں اور آٹھ زیر دعوت مہمان بھی ہیں۔

بعدازاں حضور انور کے استفسار پر بعض احباب نے باری باری اپنا تعارف کروایا۔

ایک دوست نے بتایا کہ سال 2003ء میں احمدیت قبول کی تھی۔ نیویارک میں رہتا ہوں اور IT فیلڈ میں ہوں فیملی بھی احمدی ہے۔ حضور انور نے فرمایا: اب آپ نومبائع نہیں رہے۔

ایک نوجوان نے عرض کیا کہ گزشتہ 24 سال سے امریکہ میں ہوں اور انجینئر ہوں۔ حضور انور نے ازراہ شفقت فرمایا: آپ کی تو عمر 24 سال لگتی ہے۔ اس پر موصوف نے عرض کیا کہ عمر 32 سال ہے۔ 8 سال کی عمر میں آیا تھا۔

ایک صاحب نے عرض کیا کہ سافٹ ویئر انجینئر ہوں سال 2000ء میں امریکہ آیا تھا۔ پیدائشی احمدی ہوں۔ بیوی بیعت کر کے احمدی ہوئی ہے۔

ایک صاحب خالد اسلام نے عرض کیا کہ میں گزشتہ 29 سال سے امریکہ میں ہوں اور بیمار ہوں۔ لاس اینجلز سے میرا تعلق ہے۔ حضور انور نے فرمایا: خدا آپ کو صحت دے۔ ان صاحب کے بارہ میں انچارج صاحب بنگلہ ڈیسک نے بتایا کہ انہوں نے اپنے آفس میں باقاعدہ دعوت الی اللہ آفس بنایا ہوا ہے۔ وہاں بنگالی دوست آتے رہتے ہیں ان کو دعوت الی اللہ کی جاتی ہے۔

ایک صاحب نے عرض کیا کہ میں 1978ء میں احمدی ہوا تھا۔ اس پر حضور انور نے فرمایا۔ اب تو آپ پیدائشی احمدی کی طرح ہیں۔

ایک صاحب نے عرض کیا کہ میں چوتھی نسل سے احمدی ہوں۔ ہمارے خاندان سے عبدالواحد صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود سے خط وکتابت کی تھی لیکن بیعت آپ کی وفات کے بعد کی تھی۔

ایک نوجوان نے عرض کیا کہ میں واقف نو ہوں اور سائیکالوجی پڑھ رہا ہوں۔

ایک نومبائع سعید کرمانی نے بتایا کہ اس سال جلسہ سالانہ یو کے پر شامل ہوا تھا اور میں نے وہیں جلسہ کے دوران بیعت کی تھی۔

ایک دوست نے عرض کیا کہ 1985ء سے احمدی ہوں۔ ایک صاحب نے بتایا کہ 1978ء سے احمدی ہوں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا: اب تو آپ پرانے احمدی ہیں۔

ایک صاحب نے عرض کیا کہ میں گزشتہ 26 سال سے امریکہ میں ہوں۔ میرے لئے دعا کریں کہ خدا تعالیٰ مجھے زیادہ سے زیادہ چندہ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ایک نومبائع دوست نے عرض کیا کہ سال 2015ء میں، اکتوبر میں احمدیت قبول کی ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا آپ تو اس سال جلسہ سالانہ یو کے پر آئے تھے اور مجھے ملے بھی تھے۔ جس پر موصوف نے عرض کیا کہ میں شامل ہوا تھا اور حضور انور سے ملاقات ہوئی تھی۔

ایک دوست جو احمدی نہیں تھے انہوں نے عرض کیا کہ حضور! میرے لئے دعا کریں کہ خدا تعالیٰ احمدیت قبول کرنے کی توفیق دے۔ اہلیہ سے بات کر کے فیصلہ کروں گا۔ اس پر حضور انور نے فرمایا ٹھیک ہے۔

اس کے بعد تمام فیملیز نے باری باری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔ سبھی احباب نے شرف مصافحہ بھی حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ ملاقات کا یہ پروگرام آٹھ بجکر دس منٹ تک جاری رہا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الذکر تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بنگلہ دیشی مہمانوں کے تاثرات

بنگلہ دیش سے آنے والے غیر از جماعت مہمانوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات کے بعد اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

غازی شہید الرحمٰن صاحب بتاتے ہیں کہ تمام زندگی (-) سے جھگڑتے رہے اور سنی مساجد سے دور رہے۔ اب ان کی بیوی نے انہیں تاکید کی کہ آپ جماعت احمدیہ کے جلسہ پر جائیں۔ جلسے پر آکر انہوں نے جماعت احمدیہ کی تربیت محبت اور عزت دیکھی وہ کہتے ہیں کہ اس جلسہ کے ساتھ میں (دین) کی طرف دوبارہ لوٹا ہوں۔

جلسہ کے آخری دن وہ سب لوگوں سے الگ ایک کرسی پر بیٹھے تھے اور ہجوم کی وجہ سے کھانے پر جانا پسند نہیں کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک خادم ان کے پاس آیا۔ انہیں کھانا اور پانی لا کر دیا اور پھر اس بات کا بھی انتظار کیا کہ وہ کھانا ختم کریں تا کہ وہ خادم ان کے کھانے کا ڈبہ پھینک سکے۔ اس واقعہ نے انہیں بہت متاثر کیا۔ انہوں نے حضور انور کو بتایا کہ جلسہ نے ان پر بہت گہرا اثر چھوڑا ہے اور انشاء اللہ وہ جماعت میں جلد داخل ہوں گے۔

ایک خاتون تمنا تزرین صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ وہ اپنی ذہنی طور پر معذور بیٹی کے ساتھ حضور انور سے ملاقات کرنے آئی تھیں۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ اس چھوٹی بچی کے سر پر شفقت سے پھیرا۔ حضور انور سے ملنے کے بعد اس بچی میں ایک خاص تبدیلی ظاہر ہوئی۔ جب ان کی بیٹی واپس پہنچی تو اپنی فیملی کے افراد سے پہلی مرتبہ بولنا شروع کر دیا۔ یہ بات سب کے لئے حیران کن تھی۔ تمنا صاحبہ کہتی ہیں کہ اب وہ شرائط بیعت پڑھ رہی ہیں۔ صرف یہ بات ان کو بیعت کرنے سے روک رہی ہے کہ وہ یہ شرائط پوری نہیں کر سکیں گی۔

ایک غیر از جماعت دوست زبیر حسین صاحب کہتے ہیں:

وہ جلسہ سالانہ امریکہ میں بھی شامل ہوئے تھے لیکن کینیڈا کے جلسہ پر آ کر مجھے زیادہ خوشی ہوئی کہ میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ وہ آنے سے قبل اس بات پر تجسس رکھتے تھے کہ ایک جماعت کے انٹرنیشنل لیڈر کیسی طبیعت کے مالک ہوں گے۔ حضور انور کو دیکھ کر ان کی حیرانی کی حد نہ رہی کہ حضور انور اس قدر عاجز انسان ہیں وہ کہتے ہیں کہ وہ ایک سادہ طبیعت کے انسان ہیں لیکن ان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ وہ ایک بڑے لیڈر ہیں۔ حضور انور اپنے تمام افعال میں اللہ تعالیٰ کو اولیت دیتے ہیں۔

ایک دوست فیصل احسن صاحب کہتے ہیں۔

حضور انور سے ملاقات کر کے انہیں بہترین روحانی تجربہ ہوا۔ اس بات پر بہت خوش ہوئے کہ حضور انور نے تصویر کے دوران ان کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔ انہوں نے ارادہ کیا ہے کہ اب وہ مقامی احمدی (بیت) میں باقاعدگی سے جائیں گے۔

شاہدہ امان صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ان کی ملاقات ہوئی اور حضور انور نے ان کو تصویر کے لئے پاس بلایا تو ان کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے۔ یہ حضور انور کی تقاریر سے بہت متاثر ہوئیں۔ موصوفہ نے بتایا کہ جلسہ سالانہ کا ماحول بہت روحانیت سے پُر تھا اور عمدہ تقاریر تھیں۔

❁❁❁❁❁

بقیہ از صفحہ 5: محترمہ مریم سلطانہ صاحبہ

ہمسایوں سے لسی منگوا کر اس سے کھانا کھا لیا، کبھی سوکھے روٹی کے ٹکڑے خرید کر ان کو دھو لیتی اور پھر ابال کر بچوں کو کھلا دیتیں اور یہ نصیحت کرتیں کہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا اور نہ ہی کسی کے آگے اپنی غرض بیان کر کے کچھ طلب کرنا۔ بلکہ جو اللہ تعالیٰ عطا کرے اس پر اس کا شکر ادا کرو۔

مجھے یاد ہے کہ حالات بہت تنگ تھے، گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہ تھا۔ لیکن میری ماں ہمیشہ کہتی کہ دیکھو اللہ تمہیں کبھی ضائع نہیں کرے گا کیونکہ تم ایک شہید کی اولاد ہو۔ شہیدوں کے بچے ضائع نہیں کئے جاتے۔ میں آج اس پر گواہ ہوں کہ میری ماں کی کہی ہوئی باتیں سچی نکلیں اور خدا نے ہم پر اتنا فضل کیا، اتنا فضل کیا کہ اگر ہم ساری زندگی بھی خدا تعالیٰ کے ان احسانات کا شکر ادا کریں تو ہم اس کے احسانات کا شکر ادا نہیں کر سکتے۔ بلاشبہ یہ شہادت کی برکت تھی اور بلاشبہ یہ میری ماں کی دعائیں تھیں کہ جس کا پھل آج ہم اور ہماری نسلیں کھا رہی ہیں۔

مرحومہ نے انتہائی عزم وہمت کے ساتھ زندگی کے نشیب وفراز گزارے۔ مشکلات کا مقابلہ بڑی دلیری اور غیرت سے کیا۔ زندگی ہنستے ہوئے خوش مزاجی اور بھرپور انداز میں گزاری۔

اس لحاظ سے وہ خوش قسمت خاتون تھیں کہ دو خلفائے سلسلہ نے ان کا ذکر خیر کیا اور پھر ان کی اولاد کے لئے بھی دعائیں کیں۔ ہماری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔ ان پر ہمیشہ اپنی رحمتیں نازل کرتا رہے۔ اور ان کی قربانیوں کو قبول کرے اور جس طرح انہوں نے ہم سے پیار کا سلوک کیا اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی ان سے سلوک فرمائے۔

❁❁❁❁❁

آ۔رفیع

میری والدہ محترمہ مریم سلطانہ صاحبہ کا ذکر خیر

میری والدہ محترمہ مریم سلطانہ صاحبہ بیوہ محترم ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب شہید مورخہ 18 جولائی 2012ء کو 78 سال کی عمر میں اپنے مالک حقیقی کے حضور حاضر ہوگئیں۔ مورخہ 27 جولائی کے خطبہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مرحومہ کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

’’ان کے خاوند محمد احمد خان صاحب ٹل ضلع کوہاٹ میں شہید ہوگئے تھے۔ مریم سلطانہ صاحبہ کی وفات 18/جولائی 2012ء کو ہوئی ہے۔ بڑی محنت کرنے والی خاتون تھیں۔ دعوتِ الی اللہ کا بڑا شوق تھا۔ قربانی کرنے والی تھیں اور بڑے مضبوط ارادے کی مالک تھیں۔ ان کے ہمت اور مضبوط ارادے کا اس طرح پتہ چلتا ہے کہ ان کے خاوند ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب کو 1957ء میں کوہاٹ میں شہید کر دیا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے زمانے کی بات ہے۔ مریم سلطانہ صاحبہ کے والد کا نام عنایت اللہ افغانی تھا۔ جنہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ عنایت اللہ افغانی صاحب کا تعلق افغانستان کے علاقہ خوست سے تھا اور آپ حضرت صاحبزادہ سید عبداللطیف صاحب شہید کے مریدوں میں سے تھے۔ پھر ان کا خاندان حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد افغانستان سے قادیان شفٹ ہوگیا اور یہیں انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ہاتھ پر بیعت کی۔ مریم سلطانہ صاحبہ پیدائشی احمدی تھیں اور 1949ء میں ان کی شادی ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب سے ہوئی، جو خان میر خان صاحب جو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے باڈی گارڈ تھے ان کے بیٹے تھے۔ پھر یہ لوگ کوہاٹ چلے گئے۔ وہاں ایک دفعہ ایک معاند (۔) ان کے پاس آیا کہ ایک مریض بیمار ہے اور بلایا اور لے گیا۔ وہاں جا کر ان کو گولی مار کے شہید کر دیا اور پھر جب ان کی لاش آئی تو اور کوئی احمدی نہ تھا۔ احمدیوں کا یہ ایک اکیلا گھر تھا، چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ ان کے خاوند موصی بھی تھے۔ اب لاش گھر میں پڑی ہے، چھوٹے بچے بلک رہے ہیں کہ کیا کریں۔ اور دلاسا دینے والا بھی کوئی نہیں۔ مشورہ دینے والا کوئی بھی نہیں۔ کمیونیکیشن کا نظام کوئی نہیں تھا۔ فون وون بھی کوئی نہیں تھا۔ پھر ان کو یہ بھی تھا کہ میرا خاوند موصی ہے۔ ان کو ربوہ لے کر جانا ہے۔ بہرحال انہوں نے بڑی ہمت کی اور کسی طرح ایک ٹرک کرائے پر لیا اور اس میں نعش بھی رکھی، بچے بھی بٹھائے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ان دنوں نخلہ میں تھے تو وہاں پر لے آئیں۔ وہاں اُن کا جنازہ پڑھا گیا۔ پھر ربوہ لے کر آئیں اور پھر بڑی محنت سے اپنے بچوں کی تربیت کی۔ کوشش کی کہ ان کو پڑھائیں لکھائیں اور ان کی صحیح تربیت ہو جائے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس میں سرخرو ہوئیں۔ ان کی جو خواہش تھی کہ بچے بھی نیکیوں پر قائم رہیں اور اسی وجہ سے وہ ان کو بچا کر اُس ماحول سے لے آئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد در اولاد اور نسلوں میں احمدیت کے خادم پیدا کرتا رہے اور حقیقی وفا کے ساتھ احمدیت کے ساتھ جڑے رہنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان کے بھی درجات بلند فرمائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 30 جولائی 1994ء کے جلسہ سالانہ کے خطاب بعنوان ’’احمدی خواتین کی دلگداز داستان‘‘ میں ان کی بہادری اور جرات کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا۔

مکرمہ مریم سلطانہ صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب بیان کرتی ہیں کہ اپنے خاوند اور چار بچوں کے ساتھ ضلع کوہاٹ کے علاقہ ٹل میں مقیم تھی۔ اس علاقہ میں کوئی احمدیہ گھرانہ نہ تھا۔ وہاں مخالفت کی آگ بھڑک اٹھی۔ مخالفین میرے خاوند کو دھوکہ دے کر لے گئے اور علاقہ غیر میں شہید کر دیا۔ جب آپ کو شہادت کی خبر ملی تو اردگرد کوئی بھی آپ کا دوست نہ تھا اور سب مخالف تھے۔ شہر کے لوگ آپ کو قتل کر کے خوشیاں منا رہے تھے۔ آپ نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ کوئی آپ کے غم میں آپ کا ساتھی نہ تھا۔ آپ نے نعش حاصل کی۔ اور ٹرک کا انتظام کیا۔ نعش کو ٹرک میں رکھ کر اور چار بچوں کو لے کر ربوہ کے لئے روانہ ہوئیں۔ آپ سسکیوں اور آہوں کے ساتھ زیر لب دعائیں کرتی تھیں۔ لوگ آپ کا عزم وحوصلہ اور صبر و تحمل دیکھ کر حیران ہوتے تھے۔

آپ کے شوہر کی دکان لوٹ لی گئی۔ قاتل وہاں دندناتا پھرتا تھا۔ لیکن کوئی اس کو پکڑنے والا نہ تھا۔ مگر خدا کی پکڑ بہت سخت ہوتی ہے۔ یہ پاگل ہوگیا اور دیوانگی کی حالت میں گلیوں میں نیم برہنہ پھرتا۔ کچھ عرصہ نظر آنے کے بعد کہیں گم ہوگیا۔ اور وہ شخص جو مریض کو دکھانے کے بہانے ڈاکٹر صاحب مرحوم کو بلانے آیا تھا وہ بھی بھائی کے ہاتھوں بیوی بچوں سمیت قتل ہوگیا۔

